جلد ۴۲ — نمبر (۱۵)

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR STATE GAZETTE

بحکم بندگان عالی حضرت پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۴ ذیقعدہ ۱۳۴۸ھ مطابق ۱۴ اپریل ۱۹۳۰ء

فہرست مضامین

نمبر صفحہ	خلاصہ مضمون	نمبر شمار
۲	منظوری ٹھیکہ انڈے و مرغ	۱
[illegible]	[illegible]	۲
[illegible]	[illegible]	۳
[illegible]	[illegible]	۴
[illegible]	[illegible]	۵
[illegible]	[illegible]	۶
[illegible]	[illegible]	۷
[illegible]	[illegible]	۸
[illegible]	[illegible]	۹
[illegible]	[illegible]	۱۰
ضمیمہ	[illegible]	۱۱

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

ٹھیکہ انڈے و مرغ وغیرہ

۳۰ مارچ ۱۹۳۰ء

معروضہ کاغذات سررشتہ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر در بارہ منظوری ٹھیکہ انڈے و مرغ وغیرہ متعلقہ تحت بنابر مصارف باورچیخانہ جات عام من ابتداء ۱۶ ستمبر ۱۹۲۹ء لغایتہ ۱۵ ستمبر ۱۹۳۰ء بنام اکبر علی بشرائط سابقہ۔

مرغ کابلی فی پر	مرغ تیمہ فی پر	مرغ خریدہ فی پر	انڈے فیصدی	مرغ رومی
۱۲/	۸/	۵/	[illegible]	۱۰/

بدکھان فی پر	بط فزدی فی پر	پیرو کی جوڑ	خرگوش فی دان
[illegible]	۱۲/	[illegible]	۵/

حکم

بموجب رپورٹ ٹھیکہ انڈے و مرغ مصارف کارخانہ جات عام بنام اکبر علی ٹھیکہ واسطے یکسال من ابتداء ۱۶ ستمبر ۱۹۲۹ء منظور ہے کاغذات بغرض کارروائی واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

از اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

نقل سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ یکم اپریل ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲ اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

بذریعہ رپورٹ سینیر منصف صاحب تحصیل سوار دربارہ منظوری رخصت چندی پرشاد محرر جوڈیشل سوار من ابتدا ۱۲ اپریل لغایت ۲۴ اپریل سنہ ۱۹۳۰ء بنا بر شرکت امتحان وکالت بکار گذاری روشن لال اپرنٹس۔

حکم

حسب سفارش صاحب مجسٹریٹ سوار چندی پرشاد محرر جوڈیشل کی رخصت ۱۲ اپریل سے ۲۴ اپریل تک بذمہ داری کام روشن لال اپرنٹس منظور کیجاتی ہے۔ چونکہ یہ رخصت بذمہ داری روشن لال حسب سفارش صاحب مجسٹریٹ مذکور منظور کی گئی ہے جسمیں لکھا ہے کہ اپرنٹس مذکور محرر جوڈیشل کا کام انجام دے سکتا ہے۔ لہذا صاحب موصوف ایام رخصت محرر جوڈیشل میں کام کی نگرانی رکھیں کہ کوئی خرابی کام کی نہ ہونے پائے۔ اور چندی پرشاد محرر نے اسکو پیش کیا ہے لہذا وہ بھی اسکا ذمہ دار رہیگا۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۵ اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

نتائج امتحان سالانہ مدارس متعلقات و شہر ملاحظہ ہوئے۔

یہ نتائج درجہ دوم اور اس سے اعلے درجات کے ہیں۔ درجہ دوم سے ادنے درجات کا امتحان چونکہ تقریری ہوتا ہے انکا نتیجہ شامل نہیں ہے۔

شہر میں سالگذشتہ ۲۰۰ طلبا شریک امتحان ہوئے تھے۔ امسال ۲۴۲ شریک ہوئے۔ سالگذشتہ ۱۲۱ طلبا پاس ہوئے تھے۔ امسال ۱۹۱ ہیں۔ اوسط کامیابی سالگذشتہ ۶۰ فیصدی تھا۔ امسال ۷۹ فیصدی ہے۔

اپر پرائمری اور فارسی مدارس شہر میں سب سے بہتر اور قابل تعریف نتیجہ مدرسہ فارسی بازار نصراللہ خان کا ہے۔ اس مدرسے سے ۱۴ طلبا شریک امتحان ہوئے اور سب پاس ہوئے بجملہ ۱۴ کے ۳ فرسٹ ڈویژن میں اور ۹ سکنڈ ڈویژن میں پاس ہیں اور ۵ طلبا نے حساب میں امتیازی نمبر پائے ہیں۔ اس مدرسے میں تعداد طلبا بھی اکثر مدارس شہر سے زائد ہے۔ مدرسین اس مدرسے کے مستحق ہیں انکا کام قابل اطمینان اور اظہار خوشنودی کے قابل ہے۔

عموماً کل مدارس شہر کا کام باعتبار نتیجہ اچھا ہے۔ مگر فراہمی طلبا اور شرکا امتحان کی تعداد بعض مدارس میں کم ہے ان مدرسین کو زیادہ کوشش سے کام کرنا چاہیے۔

مدارس متعلقات کا نتیجہ بھی اچھا ہے۔ متعلقات کے ۱۰ مدارس میں سے ۹ مدارس اپر پرائمری ہیں باقی مدارس لوئر پرائمری ہیں جنہیں صرف درجہ دوم تک خواندگی ہے۔ اور زیادہ تعداد طلبا کی ادنے درجات میں رہتی ہے۔

دوم اور اس سے اعلے جماعتوں میں ۲۲۰ طلبا شریک امتحان ہوئے۔ سالگذشتہ ۲۰۴ شریک ہوئے۔ امسال ۲۰۹ پاس ہوئے۔ سالگذشتہ ۱۵۵ پاس ہوئے تھے۔ اوسط کامیابی امسال ۹۵ فیصدی ہے۔ سالگذشتہ ۷۵ فیصدی تھا۔ نتیجہ اچھا ہے لیکن مدرسین کو اعلے جماعتوں میں تعداد طلبا بڑہانیکی کوشش کرنا چاہیے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا کی ایک نقل برائے اشاعت گزٹ مطبع سرکاری کو مرسل ہو۔ اصل روبکار ہمراہ نتائج امتحان انسپکٹر صاحب مدارس کے پاس بھیجا جائے۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

منتقلی مدرسہ

۸ اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

مدرسہ بھنور کی تحصیل شاہ آباد میں تعداد طلبا کم ہوگئی ہے۔ اور موضع الو تحصیل شاہ آباد کے باشندگان نے درخواست اجرائے مدرسہ پیش کرکے اقرارنامہ فراہمی طلبا و انتظام مدرسہ تحریر کر دیا ہے۔ لہذا مدرسہ بھنور کی موضع الو تحصیل شاہ آباد کو منتقل کیا جائے۔

حکم ہے کہ

حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مسدودی مدرسہ

۸ اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

موضع کھریا پرگنہ حضور تحصیل کے باشندگان میں باہم اختلاف ہے۔ اور اسوجہ سے مدرسہ میں طلبا کی تعداد بہت کم ہوگئی ہے۔ تحصیلدار صاحب حضور تحصیل نے بھی باشندگان کو فہمایش کی مگر اثر نہیں ہوا۔ لہذا موضع کھریا کا مدرسہ مسدود کیا جائے۔ موضع صحبیا کلاں تحصیل شاہ آباد کے باشندگان نے درخواست اجرائے مدرسہ پیش کرکے اقرارنامہ فراہمی و انتظام مدرسہ تحریر کر دیا ہے۔ لہذا موضع صحبیا کلاں تحصیل شاہ آباد میں مدرسہ جاری کیا جائے۔ اور امداد حسین خان مدرس مدرسہ کھریا پرگنہ حضور تحصیل مدرسہ موضع لالپور پرگنہ حضور تحصیل کو (جو جدید جاری ہوا ہے) تبدیل کیا جائے۔ اور مدرسہ صحبیا کلاں تحصیل شاہ آباد میں عبدالخالق ششم پاس کا تقرر ۵ روپیہ ماہوار تنخواہ پر امتحاناً برائے چند ماہ کیا جاتا ہے۔ عبدالخالق مدرسہ سلی نرگانون میں مدرس تھا اور قصور غیر حاضری میں برخاست ہوا تھا۔ انکی درخواست ہے کہ آیندہ پابندی سے کام کرونگا۔ لہذا انکو کر موقع دیا جاتا ہے اور ہدایت کیجاتی ہے کہ آیندہ مستعدی اور حاضر باشی سے کام کرے۔ لہذا

حکم ہے کہ

حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ر اپریل ۱۹۳۳ء

عبدالکفیل ناظر اجلاس نے ماہ مارچ ۱۹۳۳ء میں بضرورت ذاتی رخصت بشمول ایام تعطیل کل رخصت چودہ یوم پائی ہے۔ اب ڈیڑھ ماہ کی رخصت مزید اکیانچپیس یوم کی اور رخصت چاہتے ہیں۔ درخواست بعوض برادر زادہ مجید الظفر امیدوار کی ہو مجید الظفر نے کام چند روز اس عرصہ میں کیا بھی لیکن اس صیغہ کا کام نہایت ذمہ داری کا ہے۔ اس عرصہ میں کام نظارت کا انکی کارکردگی میں اچھا انجام نہیں پایا۔ چونکہ مزید رخصت بنابر شرکت امتحان طلب ہے۔ لہذا بانتظام ذیل قابل منظوری ہو۔

۱۔ عبدالکفیل ناظر کی تنخواہ ... ہے۔ اور پانچ روپیہ الاونس سیاہہ جنرل کا ملتا ہے سیاہہ نامکمل ہے سیاہہ جنرل کا کام برجاسی لال امیدوار کے سپرد ہوگا۔ اور وہ الاونس سیاہہ لکھا افسر صاحب موذیخانہ کو دکھائیں الاونس مذکور وہ پائینگے۔

۲۔ نظارت کا کام شفیق خان امیدوار انجام دینگے۔ اور تنخواہ ناظر کی پائینگے۔

۳۔ شوکت علیخان امیدوار نقل عرائض نویس شکیل خان امیدوار کا انجام کار کرینگے۔

۴۔ مجید الظفر نقل نویس امیدوار عرائض کی خدمت انجام دینگے۔ جو تنخواہ اسمعیل خان پاتے ہیں پائینگے۔

۵۔ شوکت علیخان امیدوار مجید الظفر خان کے کام کے نگران رہینگے۔ کہ روانگی نقولات صحیح اور وقت پر ہوتی ہو۔ ناظر بھی وقتاً فوقتاً دیکھ بھال رکھینگے۔

حکم ہے کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں۔ دفتر میں عملدرآمد شروع کردیا جائے۔ صدر سے احکام جاری ہوں۔ یکم اپریل سے عملدرآمد کیا جائے۔ جنرل سیاہہ انچارج ناظر مکمل کرا کے رپورٹ جلد دیں۔ مبلغ یکصد روپیہ بصیغہ نذرات ناظر کے نام قایم ہے۔ انچارج ناظر حسابات کی جانچ کریں کہ سارے خرچ کے حسابات کہاں کہاں ہیں۔ اور وصول باقی کیا ہے۔

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت

رخصت

۳ر اپریل ۱۹۳۳ء

مثنہ رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنگ انجنیر تعمیرات دربارہ منظوری رخصت مزید یکہفتہ منشی ناظم علی امیدوار سب اوورسیر ڈویژن تعمیرات خارج بوضع تنخواہ از ۳۰ر مارچ ۱۹۳۳ء

حکم

بموجب رپورٹ ناظم علی امیدوار تعمیرات کی مزید رخصت ایک ہفتہ کی بوضع تنخواہ منظور کیجاتی ہے۔ احکام ضابطہ سررشتہ صدر سے جاری ہوں۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

تبادل

۱۰ر اپریل ۱۹۳۳ء

مثنہ تحریر ایگزیکٹیو انجنیر صاحب [illegible] بابت تبادلہ [illegible] انچارج علاقہ [illegible] و منشی حامد حسین [illegible] علاقہ [illegible]۔

حکم

حسب سفارش ایگزیکٹیو انجنیر صاحب [illegible] تبادلہ منظور ہے۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت

حکم اجلاس صاحب فائننس سکریٹری بہادر

رخصت

۷ر اپریل ۱۹۳۳ء

مثنہ درخواست محمد شبیر علیخان امیدوار فائننس آفس بابت منظوری رخصت ۱۵ پندرہ یوم بسلسلہ رخصت سابقہ بغرض علاج اہلیہ۔

حکم

بسلسلہ رخصت سابقہ شبیر علیخان امیدوار فائننس آفس کی پندرہ روز کی مزید رخصت منظور ہو۔ بغرض اجرا احکام صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب فائننس سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور میں ابتدائے ہفتہ اول ماہ اپریل سنہ ۱۹۳۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۶ ار ۵ ار ۱۰۶ ار ۱۰۵ ار		۵۰۰ ار	۱۰۶ ار ۸ ار	۵ ار		دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۸ ار ۰۸ ار		۹ ار	۸ ار	۸ ار		
نخود کرہ آمیز	۹ ار ۹۰۹ ار		۱۰۲ ار	۹ ار	۰		
کسہ	۱۱ ار ۱۱ ار		۱۰۱۳ ار	۱۰ ار	۰		
ماش	۵ ار ۰۵ ار		۵ ار	۵ ار	۵ ار		
مونگ	۴ ار ۵ ار		۰۴ ار	۰۳ ار	۰		
مکا	۱۴ ار ۱۰۱۴ ار		۱۵ ار	۱۰۱۳ ار	۱۶ ار		
جئی	۱۰ ار		۰	۱۰۱۴ ار	۰		
گوجی	۱۰ ار ۱۱ ار		۰	۱۱ ار	۰		
عدس	۹ ار		۹ ار	۱۰ ار	۰		
ارہر	۵ ار ۰۵ ار			۰	۰		
برنج	۵ ار ۵ ار ۵۰ ار		۵ ار	۵ ار ۰۵ ار	۰۵ ار		
روغن زرد	۸ چھٹانک ۹ چھٹانک		۹ چھٹانک	۹ چھٹانک	۸ ار		
روغن سیاہ	۱۰ ار		۱۰ ار	۱ ار	۱۰ ار		
روغن کنجد	۱ ار ۱ ار		۱۰ ار	۱۰ ار	۱ ار		
نمک سامبر	۱۰ ار		۱۲ ار	۱۰ ار	۱۰ ار		
نمک لاہوری	۹ ار		۹ ار	۰	۰		
قند سیاہ	۰۷ ار ۷ ار ۰۸ ار		۶ ار	۰۷ ار	۶ ار		
باجرہ	۰۹ ار		۰	۰	۰		